تو مجذوب ہوکر ترک دنیا کرتا اس مجلس مین جملہ اہل ذوق سماع حلاوت ذوق پاتے اگر فاسق یہان آنکلتا آیندہ فسق سے تائب
ہوکر دنیا سے تعلق خاطر اوٹہاتا آپ فرماتے تہے کہ اگر فاسق میری مجلس مین آجاوے تو صاحب نعمت و اہل معرفت ہو جاوے
اور صالحین کا کیا ذکر ہے۔ نقل ہے کہ خواجہ کے روے مبارک سے حالت سماع مین ایک شق نور آسمان تک ظہور پاتا مریض کو مجلس سماع
خواجہ مین صحت ہوتی کسیکو آپکے جواز سماع مین تاب انکار نہوتی اور اکثر اوقات شبلی رحمۃ اللہ علیہ آپکی مجلس سماع مین آکر ذوق سماع حاصل کرتے تو آپکے
روے منور کو دیکھکر وجد کرتے لوگون نے پوچہا یا شبلی تم حضرت خواجہ کے مشاہدہ سے کیون وجد کرتے ہو اور سماع سنتے ہو
آپ نے فرمایا مین دیدار خواجہ ابو یوسف مین ایسا جلوہ دیکہتا ہون کہ تم دیکہو تو بیقرار ہو جاو خدا تعالی نے خواجہ کو رتبہ عظیم و درجہ مقبول
عطا کیا ہے۔ نقل ہے کہ ایک شخص نے خواجہ ابو یوسف سے کہا اگر سماع اچہا ہوتا تو حضرت جنید رحمۃ اللہ کیون توبہ کرتے آپ نے
فرمایا کہ شبلی اوسکا بہائی خلیفہ میری مجلس سماع مین آکر ذوق سماع پاتا ہے اگر اچہا نہوتا تو شبلی کو اجازت سماع کیون ہوتی مگر نکتہ
یہہ ہے کہ شیخ جنید کو یاران مجلس سماع نہ بہم پہونچے بے لطفی تنہائی سے توبہ کر لی ورنہ جسکو اخوان اہل دل ملین اوسکو سماع ضرور
ہے اگر شیخ جنید اس مجلس مین آتے تو کبہی توبہ نکرتے اور خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا کہ سماع سے وہ حاصل ہوتا ہے کہ عبادت
چہل سالہ سے ممکن نہین اس مقام پر یہہ دعاگو عرض کرتا ہے کہ حضرت خواجہ ابو یوسف چشتی رح نے ارشاد فرمایا کہ شیخ جنید کو یاران
مجلس سماع نہ بہم پہونچے تہے اسوجہ سے سماع کے سننے سے توبہ کیا برخلاف حضرت سید الطایفہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ کے
شیخ الطایفہ کو یاران مجلس سماع مزامیر ملگئے ہین سنتے اور رقص کرتے ہین ارباب طرب سے بہت شوق ذوق رکہتے ہین اور
صفحہ ۱۰۱ سطر ۵ مین نقل ہے کہ حضرت خواجہ مودود ابن ناصر الدین ابو یوسف رحمۃ اللہ علیہما اکثر مجلس منعقد کرکے سماع سنتے
اور بہت ذوق اوٹہاتے مشایخ اعظم اور اکثر صغیر و کبیر مجلس خاص مین حاضر آتے تہے طعام تقسیم ہوتا تہا آغاز مجلس مین قرآن
خوانی ہوتی تہی اور آخر بہی کلام مجید پڑہا جاتا تہا حضرت وقت سماع غایت ذوق مین گریہ کرکے حضار کو بہی رولاتے اور کبہی
سننے مین لبو پر کف لے آتے کبہی تبسم کرتے زمین رنگ سرخ ہو جاتا بعض اوقات ایک دو ساعت مجلس سے غایب ہو کر پہر ظاہر ہوتے
حاضرین مجلس حلاوت سماع ذوق وجد اوٹہاتے بلکہ نعمت پاتے کسی نے حضرت خواجہ مودود چشتی رحمۃ اللہ علیہ سے پوچہا کہ

یا خواجہ صاحب سماع مجلس مین سے کیون غائب ہو جاتے ہو کہا کہ صاحب سماع کو لباس نور اوس وقت متبرک ملجاتا ہے
اوسکی برکت سے پر ہو کر فضا مین مستور ہو کر عالم علوی مین رونما ہوتا ہے اور خلقت جو نگاہ باطنی سے عاری ہے او سے
نہین دیکہہ سکتی کہ کوئی آگاہ و اہلِ دل ہو تو اوس کے مقام کو دیکہے اور اگر مین مدارج سماع بیان کرون تو لوگ مجہکو ہلاک کر ڈالین
اور اکثر خود عبادت سے غافل ہو جاوین ناز بسکہ میرے مرشدان کامل نے یہہ راز چہپایا ہے مین شمہ ظاہر نہین کر سکتا کیونکہ
بزرگون سے بر عکسی نہین کر سکتا اور کتب صفحہ ۱۰ سطر ۶ مین نقل ہے کہ حضرت خواجہ شریف زندنی قدس سرہٗ نے خرقۂ فقر و
ارادت انکا خواجہ مودود چشتی رحمۃ سے پایا اکثر سماع سنا کرتے اور وجد مین بیہوش ہو جاتے اور گریہ و زاری کرتے جہانتک
آپکے رونے کی آواز جاتی وہان تک لوگ بیخود ہو جاتے اور نماز مین بہی استغراق بدرجہ کمال ہوتا اور اونکا قول ہے کہ جو کوئی
مجلس مین ذکر خداوند تعالیٰ سنکے بے خام ہے عاشق وہ ہے کہ محبوب کا ذکر سنکر بیخود ہو جائے ورنہ عاشق نہین ہے اور
صفحہ ۱۱۱ سطر ۱۸ مین نقل ہے کہ خلیفہ وقت نے حضرت خواجہ عثمان ہارون چشتی قدس سرہ سے عداوت شروع کی اور حکم دیا
کہ مجلس سماع خواجہ مین نجاوے اور جو کوئی سماع سنے اوسکو دار پر کہینچو اور قوالون کے نسبت بہی یہہ حکم دیا اور خواجہ صاحب کے
پاس ایک شخص کو بہیجا کہ خواجہ کو امتناع سماع کرے وہ شخص روبرو خواجہ کے آیا اور پیغام خلیفہ پہونچایا اور یہہ بہی کہا
کہ حضرت جنید بغدادی رحمۃ نے سماع سے توبہ کی تہی پہر تم کس طرح سماع سنتے ہو آپ نے جواب دیا کہ خلیفہ اسرار سے واقف نہین ہے
وہ کیا جانے اوسنے خدا سے سماع طلب کر کے اپنے اوپر مباح کیا ہے اور التجا کی ہے کہ پچہلا ولا دو پیروان ہمارے سماع سے
لطف اوٹہائین اوس شخص نے جواب حضرت کا خلیفہ کو پہونچایا خلیفہ نے دوسرے دن کل علما کو جمع کیا اور حضرت خواجہ کو طلب کیا
آپ بہی تشریف لیگئے جسوقت بادشاہی مین داخل ہوئے خلیفہ عقب پردہ کے بیٹہہ گیا اور جسقدر علما وہان موجود تہے سب کے اندام
پر لرزہ آگیا اور اونکی صورت دیکہتے سب کے سینہ کا علم محو ہو گیا ابجد تک کسیکو یاد نہین رہی ہر چند خلیفہ علما کو ترغیب
بحث کی دیتا تہا وہ خاموش تہے یہانتک کہ سب نے اپنی خطا کا اعتراف کیا اور اونکے قدم پر سر ڈالے اور عفو قصور چاہا
آپ نے ارشاد کیا کہ اے نادانون قدر سماع کی کیا جانو یہہ ایک سر ہے اسرار الٰہی سے اور شیخ جنید نے جو کمال مشکل دیکہا اوسکو
دل سے اوٹہالیا اور ترک کیا اور ہمکو ترک کرنا شیخ جنید کا حجت نہین ہو سکتی پیران عظام نے سماع کو دل سے دوست رکہا ہے
اور خواجہ شبلی کہ مرید حضرت جنید کے تہے جب مجلس خواجہ ابو یوسف رحمۃ مین آتے تو سماع سنتے اور تعجب حاصل کرتے اور
فضیل بلخی نے ایک روز اعتراض حضرت ابو احمد پر کیا تہا اوسیوقت سزا کو پہونچا اور پشیمان ہوا تم بہی اگر مناقشہ کرتے ہو
دلیل خاندان چشتیہ کی ظاہر کرون سب نے عاجزی کی اور توبہ کی اور کہا حضرت اس سے زیادہ اور کیا برہان ہو گی
کہ جو کچہہ ہم لوگون نے دیکہا آپ ہمپر رحم فرمایئے حضرت کو رحم آیا اور نگاہ لطف سے اونکی طرف دیکہا سبکو علم اپنا یاد آگیا اور
مرید ہوے اور چند عرصہ مین رتبہ ولایت کو پہونچے اور سماع سب نے سننا اختیار کیا حضرت وہانسے اوٹہکر دولتخانہ کو تشریف
لیگئے اور آٹہہ روز تک متواتر سماع سنا اور پہر کسی نے اعتراض نکیا واقعی سماع حلال اوسکو کہنا چاہیئے جو بلا مزامیر کے
حضرت خواجہ عثمان ہارون چشتی نے سنا سبحان اللہ بجمدہ برخلاف سماع حضرات چشتیان رحمۃ اللہ علیہم کے شیخ الطائفہ
الہ آبادی سماع مزامیر کے ساتہہ سنتے اور سنواتے ہین اور کچہہ خیال حکم حضور سرور عالم کا نہین فرماتے اے حضرت
محقق اگر آپکو سماع سننے رغبت ہے بلا مزامیر کے جیسا کہ بزرگان دین کا سلف سے شریعت کے موافق سنا

ظہور مین آیا ہے درست ہے آپ بہی سماع سنئے تو نہایت بہتر ہوگا اوسوقت قدر سماع کی ہر شخص پر ظاہر ہوجائیگی اور تبع شریعت کے
بہی آپ سمجھے جاینیگے کیونکہ سماع ایک سر ہے اسرار الہی سے اور صفحہ ۱۱۸ سطر ۳ مین نقل ہے کہ حضرت خواجہ خواجگان معین الحق
والدین حسن سنجری خلیفہ حضرت خواجہ عثمان ہارونی قدس سرہ العزیز کو سماع سے کمال ذوق تہا اور کبہی بغیر سماع کے نرہتے اور اعتراض
آپ پر کوئی نکرتا تہا اور اکثر علمائے متبحر اور مشایخ کبار آپکی مجلس سماع مین حاضر ہوتے اور جو ایکمرتبہ سماع سنتا صاحب ذوق ہوتا
اور جسقدر اوس زمانہ مین ولی اللہ تہے سب آپکو پیشوا جانتے تہے اور فرمان پذیر تہے لیکن حضرت پیران پیر شیخ الشیوخ
محبوب سبحانی سید محی الدین عبد القادر جیلانی کا رتبہ سب ولیون سے زاید ہے اور خواجہ صاحب کو بہی حضرت محبوب سبحانی
سے صحبت حاصل ہوئی ہے۔ اور صفحہ ۱۳۶ سطر ۱ مین نقل ہے کہ ایکروز قاضی حمید الدین ناگوری و خواجہ قطب الدین
بختیار کاکی نے قوالونکو بلاکر سماع سنا دونون صاحبونکو وجد ذوق کمال حاصل ہوا اوسوقت خلق کا اژدحام کثرت
سے ہوا بعد فراغت کسی نے کہا کہ لوگ دور دور سے آتے ہین بہوکے ہین حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی خلیفہ
حضرت خواجہ معین الحق والدین قدس سرہ السامی نے آستین ہلانی شروع کی ہزار کاک گرم نکلنے لگے یہانتک کہ صغیر و کبیر
نے سیر ہوکر کہائی پہر کسی نے کہا کہ اسوقت شربت بہی ہوتا ضرور رہتا تہوڑی شکر ایک شخص لایا قاضی نے اوسکو
آفتابہ مین گہولکر لوگونکو پلانا شروع کیا سب کو پلا دیا اور شربت بدستور آفتابہ مین جسقدر تہا اوسیقدر رہا ورق ۳۰۸
ملفوظات حضرت شیخ نظام الدین اولیا گفتند کہ شیخ قطب عالم رکن الحق والدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ فرمودند تحفے
نامہ زدن گرفتم فرمودند منع کنند روا نیست لایجوز عند نا فی الشافعی چون سرود گویان می رسیدند نیز منع میکردند۔
و گاہے بر سر آن نمی شوند تا آنکہ سرود میگفتند روئے مبارک برما آوردند پرسیدند ذکرہ میگویند عرض داشتیم ذکر نمیگویند
سرود میگویند این چنین مستغرق بودہ اند سرود شنیدن روا نیست کہ القاری والسامع ہوا اثر زیرا چہ شنوندہ ازانی منکر
واجب آید پس منع بکنند چون بشنود۔ اور کتاب سیر الاقطاب صفحہ ۱۶۵ سطر ۴ مین نقل ہے کہ حضرت علاء الدین
مخدوم علی احمد صابر خلیفہ فرید الحق والدین گنج شکر قدس سرہ العزیز صاحب زہد و تقوی تہے اور عزلت او تجرد سے
خوش تہے اور صاحب توحید اور صاحب ولایت اور صاحب ذوق اور سماع سے بہت شوق رکہتے تہے اور جو کچہ
زبان مبارک سے نکلتا وہی ہوتا اور جذبہ الہی نہایت تہا اور سماع اکثر سنتے تہے چنانچہ کہتے ہین کہ عین ذوق سماع مین آپ نے
رحلت فرمائی اور دنیا اور اہل دنیا سے ہرگز متوجہ نہوے اور صحبت خلق سے نفرت فرمائی بلکہ بہاگتے اور ہمیشہ یاد
خداوند تعالی مین مصروف رہتے۔ دوسری نقل ہے کہ آپ شاخ درخت گولر پکڑکر کہڑے ہوگئے اور بارہ برس تک
کہڑے رہے اور یہہ خبر حضرت قطب الموحدین گنج شکر کو پہونچی آپ نے اپنے اصحاب سے ارشاد کیا کہ جو کوئی صابر کو
بیٹہاوے اوسکو جو مانگے وہ انعام ملے حضرت شمس الدین ترک پانی پتی نے التماس کیا کہ فدوی جاکر بیٹہاویگا چنانچہ آپ
تشریف لیگئے اور حضرت کے عقب مین بیٹہکر گانا شروع کیا آپ نے آنکہین کہولدین اور بیٹہ گئے اور مخاطب ہوکر فرمایا
اور کہہ حضرت ترک پانی پتی نے عرض کیا کہ اگر مجہکو خدمتمین رہنے کا حکم ہو تو عرض کرون آپ نے فرمایا کہ اچہا رہا کر
لیکن ہمارے روبرو کبہی نہ آنا عقب سے آیا کرنا چنانچہ ایساہی ہوتا کہ پانی وضو کو یا گولر کہانیکو لایا کرتے اور آپکو
کمال درجہ استغراق رہتا اور خلیفہ شمس الدین گولر کہانیکواسطے وقت افطار لیجاتے تو آپ یہہ فرماتے کہ خدا

کہانے پینے سے پاک ہے پہر فرماتے ہان ہان لاؤ خدا خدا ہے آدمی آدمی ہے تمیز سے نقل یہہ ہے واقعہ تیرہوین ماہ
ربیع الاول ۶۹۰ھ کو عین حالت سماع اور وجد مین واصل بحق ہوئے تاریخ حضرت کی جان شکر پائی ہے ۔

حضرت ناظرین غور فرماوین کہ اس دعاگو نے اخیر رسالہ ثانی حرمت مزامیر بجواب رسالہ التماس کتاب
سیر الاقطاب سے حالات خاندان چشتیہ ابتدا حضرت حسن بصری مقتدائے اولیا انتہا حضرت علاء الدین مخدوم علی احمد صابر
خلیفہ فرید الحق والدین گنج شکر چشتی رحمۃ اللہ علیہم تک نقل کی ہے سب حضرات موصوفین نے مزامیر جو موجد فعل شیطان رجیم کا
ہے نہین سُنا بلکہ سماع بلا مزامیر سنا ہے اور سماع کو سب حضرات دوست رکھتے تھے منکر سماع نہین تھے اللہ تعالی
عوام الناس ناواقف کو جو مزامیر کے سننے مین مبتلا ہوئے ہین اور اوسکے سننے کو ثواب جانتے ہین نعوذ باللہ منہا اس
امر قبیحہ سے توبہ کرائے اور نجات دے آمین یارب العالمین ۔ جوانا سر متاب از پند پیران + کہ رائے پیر از بخت جوان بہ

الحمد للہ والمنہ کہ نسخہ بے نظیر رسالہ ثانی حرمت مزامیر بجواب رسالہ التماس بدھ کے دن
۲۹ مہینہ شعبان المبارک ۱۳۱۵ھ معہ حالات خاندان چشتیہ جن حضرات کا ذکر رسالہ مذکور مین تحریر کیا اختتام کو
پہونچا وہ حضرت سماع حلال بلا مزامیر سنا کرتے تھے سماع حرام ساتھ مزامیر کے ہرگز نہین سنا اون صوفیان باصفا
کی حالات سے بخوبی ثابت ہوا کہ وہ مشایخ ولی اللہ چشتی پابند شریعت وطریقت کے تھے اونلوگونکی شان مین جو خلاف
شریعت بیان کرین کہ راگ حرام سنا وہ لایق اعتبار نہین ہو سکتا جھوٹے ہین اسواسطے کہ راگ آلات لہو و مزامیر
کے ساتھ باجماع فقہا و ائمہ اربعہ مجتہدین رضوان اللہ علیہم اجمعین کے حرام ہے اوسکا حلال جاننے والا کافر ہے
دم در احکام شریعت مزن از راہ خطا + ہر چہ رو داد ز شارع ہمہ خیر است ثواب + منت آنچہ حق بود گفتم تمام + تو دانی
دگر بعد ازین والسلام ۔ خوردہ نگیرند بزرگی کنند + دنبہ چنان نیست کہ گرگی کنند + خاتمہ اوسکا اس دعا پر ختم
کرتا ہون ۔ الہی میرے دین کو سنوار دے جو میری آخرت کے کام کا حافظ و نگہبان ہے اور سنوار دے
میری دنیا کو کہ جسمین میری روزی اور زندگی ہے اور سنوار دے آخرت کو جسمین میری بازگشت ہے اور کر دے
موت کو میرے واسطے ہر بہتری مین زیادتی کا سبب اور کر دے موت کو میرے واسطے ہر ایک برائی سے راحت کا سبب الہی ہمکو دنیا
مین بہتری اور بھلائی دے اور آخرت مین بہتری اور بھلائی اور بچا ہمکو دوزخ کے عذاب سے الہی بخش دے میری چوک
اور میری نادانی کو اور میری زیادتی کو جو مجھسے اپنی خیال مین ہوئی ہو اور بخش دے اوس چیز کو جسکو تو مجھسے زیادہ تر جانتا
ہے اور بخش دے میری بیہودگی اور گناہ کی کوشش کو اور میرے قصد کو اور یہہ سب میری طرف سے ہے الہی گناہ میرے
بروز بازپرس عفو فرما کر مثل پتہ خزان کے جھاڑ دے اور جنت فردوس مین اپنے دیدار سے بواسطہ حضرت رسول مقبول
محبوب دو عالم حبیب خدا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم و آلہ امجاد و اصحاب کبار و شہداء عالی تبار و ائمہ اربعہ مجتہدین و اولیائے
متقین رضی اللہ عنہم اجمعین فایز المرام کر آمین یارب العالمین + شدیم پر ز عصیان و جستیم آن دایم + کہ جرم ما بجوانان پارسا بخشند

الراقم
ابو ضیا سید شاہ حیدر حسن زیعی ہدایت اللہی معافید شاہی عفا عنہ ساکن محلہ حکیمی نور محلہ شہر الہ آباد دائرہ حضرت شاہ محمد رفیع الزمان مغفور

ترجمہ حدیث شریف

بعد حمد پاک آن رب قدیر
صدر بدر آسمان اصطفا
بود در جائے نشستہ از سرور
نکہت خوب نساء دلنواز
ہر زمان دیدن بروئے پاک تو
بعد ازان فاروق عادل ہمچنان
امر بالمعروف ونہی از منکرات
ہم سہ چیز آمد مرا محبوب تر
در نماز اندر میان نصف شب
کز جہانم ہم سہ چیز آمد پسند
گفت ابی ذر ای رسول انس و جان
شاد دل بودن ہمیشہ در علل
ہر کسی اکراہ میدارد ازین
واسم این را دوست از بہر نعیم
موت خود را من ازان دارم احب
یاد می کردن بحال مضطران
پس بیامد وحی از رب قوی
تا بیے کو در جوانی توبہ کرد
یارب این جملہ خصال دلپسند

میکنم شرح حدیث دلپذیر
نوبہار بوستان ارتضا
قلب پاکش غرق در بحر حضور
قرۃ عینی صلوٰۃ با نیاز
ہم غزا در لشکر چالاک تو
گفت اے سردار جمیع مومنان
بر حدود شرع ماندن بر ثبات
در مذاق جان در آید چون شکر
ایستادن پیش حق با صد ادب
در نظر آید مرا لیس ارجمند
ہم سہ چیز آمد مرا مانوس جان
داشتن ہر دم تمنائے اجل
یاد ل رجانت چسان آمد گزین
کین ہمہ بخشند مر انفع عظیم
تا کند فایز مرا با وصل رب
رہنما گشتن بکار گمرہان
یا محمد یا رسول الابطحی
دل ز لذتہائے دنیا کرد سرد
لطف کن با اشرف نار جمند
رحم کن بر حال زارش اے کریم

آن رسول حق شفیع المذنبین
خاص تر از جملہ خاصان کریم
گفت از یاران با صدق و صفا
گفت صدیق از سہ صدق آمد
انچہ باشد مال و زر در ملک ما
ہست محبوب دل من ہم سہ چیز
ہمچنین عثمان ذی النورین گفت
گرسنہ را سیر کردن از طعام
بعد ازان گفت آن امیر المومنین
صوم فی الصیف ست ہم اکرام ضیف
با ہزاران لشکر در راہ خدا
از ابی ذر گفت پیغمبر چنان
گفت آبی ذر این جواب با صواب
جوع و جہ رقت قلب آمدہ
پس بیامد حضرت روح الامین
ہر زمان دایم بشوق سرمدی
ہم سہ چیز آمد قبول درگہم
ہم لے کان ذاکر اسمار ماست
کین ہمہ اشعار موزون گفتہ است
خط ازادی لوی سشش از جحیم

مرجع کل رحمۃ للعالمین
ہادیٔ راہ صراط المستقیم
دوست میدارم ز دنیائے شما
ہم بسوئے من سہ چیز آمد احب
آن ہمہ کردن برویٔ تو فدا
کز دل و جانش ہمیداشم عزیز
ور معنی را بہ بین اینک چہ سیفت
نشر کردن بر مسلمانان سلام
لائق صد مرحبا و آفرین
والقتال اندر غزا با نیم و سیف
در عذاب جوع ماندن مبتلا
کز چہ داری این تمنا در جہان
کای محمد سرور عالیجناب
ہم مرض کفارۂ ذنب آمدہ
گفت مارا این سہ چیز آمد گزین
انس کردن با کلام ایزدی
دارم آنرا دوست از راہ کرم
دیدہ کہ در عشق درد کاست
ور معنی را چگونہ سفتہ است

نقل ہے اخبار شحنۂ ہند و طوطی ہند میرٹھ تاریخ ۱۶ ستمبر ۱۸۹۷ء سے مولانا ابو ادریس
حافظ احمد حسن صاحب متخلص بہ شوکت مالک شوکت المطابع میرٹھ نے اسطرح بطور تقریظ تحریر فرمایا ہے

یقین ہے کہ اخبار تمام ہندوستان غلغل ستان ہین ہر ناظرین اخبار مذکور نے ملاحظہ فرمایا ہوگا اس رسالہ ثانی حرمت مزامیر بجواب التماس درج رسالہ مذکور کرتا ہون

نصیحت دلپذیر در حرمت مزامیر

اس نام کا ایک رسالہ شاہ حمید حسین صاحب رفیعی قادری نقشبندی الہ آبادی نے تالیف فرماکر شایع کیا ہے کتاب سنت سے نہایت معقول دلایل دئے ہین یہہ رسالہ بڑے بڑے علماء حنفیہ کی مہرونسے مزین ہے لیکن ڈہولک باجا اور سارنگی ساز اور میدان رقص اور وجد مین یکہ تاز اور ہواے نفسانی مین اوڑنیوالے شہباز شاہ جی اور پیر جی اون کے چیلے چاپڑ تو یہی کہینگے کہ یہہ رسالہ کسی کٹے وہابی نے گڑہا ہے۔ اجی وہابی تو عرفان وسلوک کے قدیمی دشمن ہین اور علماء ظواہر بھلا حقیقت و طریقت کے اسرار کو کیا سمجہین قرآن وحدیث کے ظاہری معنی اور باطنی اور ہین شریعت چیزے دیگر است۔ و طریقت چیزے دیگر وغیرہ اس صورت مین سارے مستند اور معتمد علماء اور حنفی فقہاے خصوصاً حضرت امام ابو حنیفہ اور اونکے تمام شاگرد رحمہم اللہ وہابی ٹہرتے ہین کیونکہ سب نے بالاتفاق مزامیر کے حرام مطلق ہونیکا فتوی دیا ہے۔

اسلام جس سے عبارت ہے وہ اعلیٰ درجے کی انسانی تہذیب ہے اور ظاہر ہے کہ تہذیب و شایستگی بدون اتقاء اور حیاء اور شرم کے نہین پہیل سکتی۔

اب ہم پوچہتے ہین کیا سارنگی کی رین رین ستار کی توم توم۔ ڈہولک اور طبلہ کی تہاپ پر دہنا تنک دہنا۔ رقص وجد کرنا تہذیب ہے کیا یہہ شرم وحیا اور اتقاء کی تعلیم ہے کیا ایسے لایعنی افعال و حرکات اور تمسخر سے مقدس مذہب اسلام نے تو صاف طور پر فرمایا ان اللہ بعثنی رحمۃ العالمین وامرنی ان امحق المزامیر ترجمہ تحقیق خدا تعالی نے مجہے دنیا کی رحمت کیلئے بہیجا ہے اور حکم دیا ہے کہ مزامیر کو مٹا دون۔ اس کلام پاک سے ظاہر ہے کہ مزامیر کا مقابلہ رحمت سے کیا گیا ہے اور اون دونون مین تضاد ہے یعنی جہان مزامیر ہے وہان رحمت نہین اگرچہ اور بہی بہت سے ممنوعات شرعیہ ہین مگر یہان رحمت کے مقابلہ مین صرف مزامیر کا ذکر فرمایا ہے تو اس سے ثابت ہوتا ہے کہ مزامیر بہت بڑے دینی خرابیونکا مصالحہ اور مجموعہ ہے کیونکہ ممکن نہین کہ مزامیر کے ساتہہ اوسکے دوسرے لوازم نہون۔ ممکن نہین مزامیر سنکر طبیعت مین ہواے نفسانی کا ہیجان پیدا نہو اگر کسیکو شک ہو تو مزامیر کی خرابیان پیرونکے عرس مین جاکر دیکہہ لے کہ وہان کیسے کیسے افعال سرزد ہوتے ہین مزامیر کیا معنی (جنکو ہمارے ہوا پرست صوفے اور مشایخ عین عبادت بناتے ہین) ایک جانب رنڈیان ناچ رہی ہین دوسری جانب نقال مجرا کر رہے ہین چارطرف فاسق وفاجر تماشا بینونکا جماؤ ہے اور پہر اوباشونکی بہیڑ اور چپقلش مین کیا معلوم کیا کیا ہتہہ پہیریان ہوتی ہین اور اندہیرے اور اجالے مین کیا کیا۔ کیا یہہ باتین معرفت و طریقت سے متعلق ہین نعوذ باللہ حرمت مزامیر مین صدہا رسالے نکل چکے ہین ہندوستان کا کوئی مستند اور معتمد ٹکسالی

حالم ایسا نہین جسنے مزامیر کو حرام نہ بتایا ہو لیکن بدعتیونکے نفوس مین بدعت نے ایسی جڑ پکڑ رکہی ہے کہ اوسکا اوکہاڑنا خالص علما کیلئے مشکل ہوگیا ہے کیونکہ اسکا تعلق دنیا سے ہوگیا ہے۔ اگر ہمارے صوفی اور مشایخ یہہ کہدین کہ منجلہ دیگر دنیوی مکروہات کے ایک مزامیر بہی ہے اور یہہ اکتساب معاش کیلئے ایک دکانداری ہے تو ہمکو اون سے چندان تعرض نہو۔ خوفناک اور غضبناک امر تو یہہ ہے کہ فسق وفجور کو معرفت وطریقت بلکہ عبادت الہی بتایا جاتا ہے اور شریعت اسلامی کو مسخ کیا جاتا ہے خدا اور رسول پر ظلم کیا جاتا ہے۔

بعض گذشتہ مشایخ اور مشہور اولیا جو مزامیر سنتے تہے تو دلمین اوسکو برا سمجہتے تہے اور بعض اوقات توبہ کرتے تہے چنانچہ شاہ حیدر حسن صاحب نے اپنے نصیحت دلپذیر مین ایک واقعہ حسب ذیل نقل فرمایا ہے۔

حضرت نظام الدین اولیا رحمۃ اللہ علیہ کبہی کبہی راگ سنا کرتے تہے اور اونکے خلیفہ حضرت نصیر الدین چراغ دہلی رحمۃ اللہ علیہ راگ کم سنکر تے تہے ایک شخص نے حضرت نصیر الدین صاحب سے کہا کہ تمہارا پیر راگ سنتا ہے تم کیون نہین سنتے آپ نے فرمایا خذ ما صفا ودع ما کدر (اگر پیر خلاف شریعت کوئی کام کرے تو مرید کو اوسمین پیر کی متابعت نکرنی چاہئے اوس شخص نے یہہ بات حضرت نظام الدین صاحب سے کہی آپ نے فرمایا نصیر الدین سچ کہتا ہے

اور روایت ہے کہ قاضی ضیاء الدین صاحب مرحوم شامی بسبب سننے راگ کے حضرت نظام الدین پر انکار رکہتے تہے قاضی صاحب مرض الموت مین مبتلا ہوئے حضرت نظام الدین صاحب عیادت کو تشریف لیگئے اور اندر آنیکی اجازت چاہی قاضی صاحب نے فرمایا کہ میرا وقت اخیر ہے مین اپنے اللہ سے ملتا ہون گوارا نہین کرتا کہ اسوقت بدعتی میرے سامنے آوے حضرت نظام الدین صاحب نے فرمایا قاضی صاحب سے عرض کرو کہ بدعتی بدعت سے توبہ کرکے آیا ہے قاضی صاحب نے یہہ سنکر فی الفور اپنا عمامہ دیا کہ حضرت نظام الدین صاحب کے قدمون کے نیچے بچہا دو کہ اسپر ہوتے ہوئے تشریف لائین یہہ اللہ کے پیارے اینہین انتہی قصور تہا یعنی راگ سنتا حضرت نظام الدین صاحب نے عمامہ ادب سے اوٹہا کر سر پر رکہہ لیا قاضی صاحب بہشت برین مین داخل ہوئے اور جب تک مدفون نہوئے حضرت نظام الدین صاحب کے آنسو نہ تہمے اللہ اللہ ایک خاص یہہ مشایخ کہ خدا اور رسول کا حکم مانتے تہے اور لغزش پر تایب اور معترف بقصور ہوتے تہے۔

ایک ہمارے زمانہ کے شکم پرست مشایخ مولوی ہین کہ قرآن وحدیث کے منہیہ کو نہین ملنتے اور حسب فحوائے والای یحرفون الکلم عن مواضعہ عمدا آنکہہ بند اور مصنوعی لچر اور پوچ تاویلات کرتے ہین گو فسق وفجور کے ارتکاب پر دلیر ہین

اس مختصر سے رسالہ مین شاہ صاحب نے بدعتیون کو ہدایت کے لئے بہت کچہ لکہہ دیا ہے خدا تعالی اونکو جزا خیر دے اور لوگون کو رسالہ سے ہدایت نصیب کرے۔ آمین ثم آمین

اعلان

رسالۂ ثانی حرمت مزامیر

بجواب التماس

مصنفۂ مولانا سید الشیخ شاہ محمد حسین صاحب خان بہادر رضا حسینی محب الٰہی صدیقی صابری چشتی واعظ شہر الہ آبادی نے جو جواز مزامیر وغیرہ مین تحریر کر کے مطبع انوار احمدی الہ آباد مین طبع فرمایا ہے جسکی آہنگ مخالف و ناجایز کو عاصی زمن زیدی آل ابوترابی ابوضیا شاہ سید حسن حنفی قادری رفیعی ہدایت الٰہی معافیدار شاہی الہ آبادی نے ناشنوا ہونا از روے قرآن و تفسیر و احادیث و روایات بزرگان دین ہر ہر اقوالون سے بخوبی ثابت کیا ہے قابل ملاحظہ ناظرین کے ہے ملتمس یہ ہے کہ ہر ناظرین بانصاف (رسالۂ ثانی حرمت مزامیر ہذا) مذکور کو بخوبی جوابات ملاحظہ فرماوین اور بعد پسند کے کاربند ہون اور داد واجبیت کی دین اور حظ اوٹھاوین اور سماع بلا مزامیر کو از روے شرایط سماع بزرگان دین کے سنین بعدہ مولف رسالہ ہذا کی مغفرت کی دعا کرین اور مزامیر کے سننے سے دور رہین شیطان کے پھندے مین نہ پھنسین نفس پروری سے بچین بعد معلوم ہونے ممانعت شرع شریف سے مزامیر سننے کی اور تعمیل نکرنا اوسکا باعث غضب الٰہی و رسول اوسکے کا ہوگا اور رحمت سے بھی دور رہوگے یارو مانو یا نہ مانو

وما علینا الا البلاغ ۔ گر نیاید بگوش رغبت کس ✤ بر رسولان بلاغ باشد و بس

مکرر از ین واضح ہو کہ رسالہ ہذا کی پروف کاپی جو لایق ترمیم تھی اور کل ترمیم بعد کو بقوع مین آئی کسیوجہ سے اور کسیطور غایب ہوگئی ہر چند تلاش کیا پتہ نہین چلتا بخیال احتیاط اطلاع دیجاتی ہے کہ بعد شایع ہوتے رسالہ ہذا کی اگر وہ کاپی کسی کے پاس موجود نکلین تو اوسکے موجودہ مضمون کا فقیر ذمہ دار نہین ہے اور وہ حقیقتاً مال مسروقہ ہوگا

المرقوم ۳۰ رمضان المبارک روز چہارشنبہ ۱۳۳۲ھ ہجری۔

المشتہر

ابوضیا سید شاہ حید ر حسن رفیعی ہدایت الٰہی معافیدار شاہی عفا عنہ ساکن محلہ یحییٰ پور

متعلقات شہر الہ آباد دایرہ حضرت شاہ محمد رفیع الزمان مرحوم مغفور

ومن الناس من یشتری لہو الحدیث لیضل عن سبیل اللہ

هو العزیز

رسالہ ثالثہ در حقائق السماع المسمی بدرۃ التعبیر لسامعین السماع بالمزامیر

من تالیف مؤلف مذاق سخن ابو ضیا شاہ حید رحسن خلف غوث دوران
اشرف الاولیا سید الفقرا مقبول بارگاہ ذو المنن و اشرف مولانا حضرت شاہ
محمد حسن اشرف ربعی ہدایت اللہی حنفی قادری عافیہ ارشاہی رحمۃ اللہ علیہ خویش و
برادر زادہ سید جہان قطب الاقطاب ہندوستان فاضل اجل عالم باعمل حاجی بیت اللہ
المعروف بحکیم بادشاہ صاحب قادری النقشبندی طاب اللہ ثراہ الہ آبادی

سنہ ۱۹۰۲ء

قیمت فی جلد

المنطبع مہتمم ضیا منیر کے چھپا
عظمت الہ آباد باہتمام منشی اللہ بخش مطبع

ہست سر لوح کتاب حکیم

ما در انتظار مدد ما نشسته ایم	محمدا چشم بر راه ثنا منیست	محمدا از تو میخواہیم خدا را	الٰہی از تو حب مصطفےٰ را
یا مصطفےٰ محمد و یا مرتضیٰ علی رض	فوج حوادث است مقابل مدد کنید	سادات قادریہ و شیخان سہروردی	اے مرشدان مرشد کامل مدد کنید
از بہر ہاشمہ ہمہ پیران نقشبند	بیش حق اندخیر و سایل مدد کنید	ارکان چشتیہ کہ پیر ابیعت	وقت آہان شده یکدل مدد کنید

اما بعد اندنون ۱۳۱۳ھ ہجری مین رسالہ احقاق السماع مولفہ جناب مولوی حافظ محمد قیام الدین صاحب عبد الباری حنفی قادری انصاری فرنگی محلی لکھنوی نے درباب جواز سماع مزامیر چھپوا کر ایک جلد فقیر کے پاس بھیجا نظر سے گذرا اوسکو خلاف عقیدہ متقدمین بزرگان دین و آئمہ اربعہ مجتہدین رضوان اللہ علیہم اجمعین خیر القرون کے پایا ناجایز کو سماع جایز سے شامل کیا۔ الضدان لا یجتمعان یعنی دو ضد باہم جمع نمیشوند خیر و باہم شر جیساکہ اللہ جلشانہ ارشاد فرماتا ہے خلطوا عملاً صالحاً و اٰخر سیّاً یعنی ملانا ایک کام نیک اور دوسرا بد۔ مولانا پدر بزرگوار قبلہ حضرت شاہ اشرف حنفی قادری الہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ اپنی مثنوی معدن فیض میں ارشاد فرماتے ہین ؎ اجتماع دو ضد آمد از محال + آب با آتش کجا یابد وصال + کفر و ایمان کے بہم یکجا شود + نور ظلمت کے بیک قالب رود + سراسر خلاف حق کے ہے۔ چونکہ خاکسار زیدی آل ابوترابی عاصی زمن ابو ضیا شاہ حمید حسین رفیعی ہدایت الٰہی معافید ارشاہی الہ آبادی نے حال مین رسالہ ثانی حرمت مزامیر بجواب رسالہ التماس (مصنفہ مولوی سید الشیخ شاہ محمد حسین صاحب خان بہادر محب الٰہی الہ آبادی بجواب مزامیر وغیرہ جو مطبع انوار احمدی الہ آباد مین طبع ہوا تہا) علیحدہ شایع ہونیکی غرض سے طبع کرایا ہے جسمین فقیر نے حرمت مزامیر بحوالہ قرآن مجید اور حدیث شریف و نیز اقوال بزرگان دین سے ثابت کیا ہے امید کہ رسالہ

مذکور لائق دید اور کیسا عجب کہ قابل داد ہو گا حضرات ناظرین متبع شریعت
محمدی منتظر ہین لہذا تتمہ رسالہ مذکور در رسالہ ثالث رد احقاق السماع المسمی بدرۃ التقریز لسامعین السماع
بالمزامیر اقوال آیمہ اربعہ و دیگر بزرگان دین سے تردید کرتا ہون قابل ملاحظہ ناظرین کے ہے
وھو حسبی ونعم الوکیل **قولہ صف اول حلقہ رسالہ احقاق السماع مولفہ**
عالم لمعی فاضل لوذعی جناب مولانا مولوی حافظ محمد قیام الدین عبدالباری
الضاری لکھنوی فرنگی محلی سلمہ اللہ القوی سے ز نغمہ تا خدا ایک کوچہ ایست
پرین حرف بلندم ہے گواہ است + سر پنہان است اندر زیر و بم + فاش اگر
گویم جہان بر ہم زنم + اقول باللہ التوفیق ومنہ التحقیق خلاف حکم قرآن و تفسیر و
حدیث کے نغمہ زیر و بم کو ایک کوچہ راہ خدا کا آپ شکر شکن و طوطی ہند۔ و خوش آوازی تان سین دبار
بد و لحان داؤدی عالم لمعی فاضل لوذعی جناب مولوی حافظ قیام الدین عبدالباری فرنگی محلی
لکھنوی انصاری سمجھتے ہین اور اپنے خیال کے موافق آپ فنا فی المزامیر ہین۔ یہہ آپ کی کیسی فہمید ہے
از روے **شرع شریف** کے سننا نغمہ و زیر و بم کا جو فعل شیطان رجیم سے ہے جایز نہین ہے
یہہ فقیر سننا نغمہ و زیر و بم کا دور الہ و حجاب رب العالمین سے یقیناً سمجھتا ہے۔ نغمہ و زیر و بم کے
سماع کو **نحن اقرب من حبل الورید** نہین جانتا۔ کیونکہ حضرت جلال الدین مولانا
روم رحمتہ اللہ علیہ نے پیر چنگی کا قصہ جو مثنوی مین تحریر کیا ہے او سکے اشعارون سے مذمت مزامیر
ظاہر ہوتی ہے نقل کرتا ہون ے

پیر چنگی کے بود خاص خدا
حبذا اے سر پنہان حبذا

چون بسے بگریست و ز حد رفت درد
چنگ زد بر زمین و خورد کرد

گفت اے بودہ حجابم از الٰہ
اے مرا تو راہ زن از شاہ راہ

اے بخوردہ خون من ہفتاد سال
اے ز تو رویم سیہ پیش کمال

خرج کردم عمر خود را دمبدم
در دمیدم جملہ را در زیر و بم

ہمچنین در گریہ او و در نالہ او
پیشم دی جرم چندین سالہ او

اے تو از راہ گذشتہ توبہ جو
کے کنی توبہ ازین توبہ بگو

گاہ بانگ زیر را قبلہ کنی
گاہ گریہ زار را قبلہ زنی

کسی صوفی نے سماع بالمزامیر کو حلال نہین لکہا نہ کسی نے اوسپر عمل کیا بلکہ اونکے سماع اور اونکے نغمات کی تشریح مین جناب مولانا روم ارشاد فرماتے ہین نظم۔

اولیا را در درونش نغمہاست ‖ طالبان را زان حیات بےبہاست
نشنود این نغمہا را گوش حس ‖ کس سخنہا گوش حس باشد نجس
نغمہاے اندرون اولیا ‖ اولا گوئید کاے اجزاے لا
ہین زلاۓ نفی سرہا بر زنید ‖ وین خیال و وہم یکسو افگنید
گر بگویم شمۂ آن نغمہا ‖ جانہا سر بر زنند از دخمہا
گوش را نزدیک کن کان دور نیست ‖ لیک نقل آن بتو دستور نیست

اس سے صاف ظاہر ہے کہ صوفیۂ کرام اور اولیاۓ عظام کے اور نغمہ ہین اور اہل ہوا سامعین مزامیر باغنا کے اور ہین سو ہر کہ اونہا را ناخوش شنتے ہین سوا اونفرین رود ہر سا عتے + نیکوان رفتند و سنتہا بماند + واز لیٔما ظلم و لعنتہا بماند + نقل ہے کہ حضرت سید الطایفہ جنید بغدادی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہین کہ ابو سلیمان دارانی کو اسقدر احتیاط تھی کہ فرماتے اگر کوئی بات تصوف کی میرے خیال مین آتی ہے جبتک کتاب و سنت سے مجھکو سند معلوم نہین ہوتی قبول نہین کرتا۔ اور فرمایا یہہ راہ اوس شخص کے قابل ہے کہ کلام اللہ کو دہنے ہاتھہ مین۔ اور سنت پیغمبری سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم بائین ہاتھہ مین لیکر ان دونون چراغون کی روشنی مین چلا جاوے نہ غار شبہہ اور نہ بدعت کے اندہیرے مین پڑے و ارشاد فرماتے ہین سوائے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے جو شخص قرآن و حدیث سے بے بہرہ ہوا وسکی پیروی نکرو کہ علم کتاب و سنت نے نیند کر دیا ہو جس مجلس مین سماع مزامیر کیسا تہہ ہو اوس مجلس مین شریک ہونا جایز نہین اور اچہا سمجہنا اون امور کو گناہ ہے اور ارتکاب ان امور کا بزرگون اور اولیا اللہ کی درگاہ مین اقبح القبایح ہے نقل ہے حضرت ابو سعید خراز نے فرمایا مینے شہر دمشق مین حضرت پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو خواب مین دیکہا کہ حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہما پر تکیہ کیے ہوئے تشریف لاۓ ہین اور مین بجاۓ خود اونگلی اپنے سینہ پر بجاتا ہون اور شعر پڑہتا ہون آنحضرت صلعم فرمانے لگے کہ اسکی بدی نیکی سے زاید ہے یعنی سماع نہ کرنا چاہیے اور نقل ہے شیخ وقت ابو عمر نخیل رحمۃ اللہ علیہ اپنے وقت کے بڑے مشایخ تہے اور ارباب تصوف مین بڑے بزرگ اور مستند اور تشرع اور معرفت اور ریاضت اور کرامت مین بڑے عظیم الشان تہے نیشاپور کے رہنے والے حضرت جنید رحمۃ اللہ علیہ کے دیکہنے والے تہے اور ابو عثمان الحیری رحمۃ اللہ علیہ کے شاگرد و ہمنشین تہے بڑے باریک بین دقیق نظر تہے چنانچہ نقل ہے ابو القاسم نصیرآبادی تہے سماع محفل سماع مین شریک تہے اونسے فرمایا کہ گانا آپ کیون سنتے ہین اونہون نے جواب دیا کہ گانا سننا اس سے بہتر ہے کہ بیٹھکر غیبت کرون اور غیبت سنون اونہون نے فرمایا اگر گانے مین ایک ایسی حرکت کیجاوے کہ بچنے کی طاقت نہو اوس سے سو برس غیبت کرنا بہتر ہے انجام پر غور کرنا چاہیے کہ صرف سماع کے سننے مین جو بلا مزامیر کے ہے حضرت ابو عمر نخیل نے ابو القاسم نصیرآبادی سے فرمایا کہ سماع آپ کیون سنتے ہین یہہ تو سو برس غیبت کرنے سے بدتر ہے اور خصوص

مزامیر کے ساتھہ جو حرام قطعی ہے ہرگز نہ سننا چاہیئے اسواسطے از روے شرع محمدی واقوال مجتہدینؒ افعال صوفیان
محرمین سے مخالفت ہے بلکہ حرام ہے - اور بدایع مین ہے کہ سماع کی حرمت منکرات شرع اور لہو کی آمیزش سے ہے نہ یہہ کہ سماع
فی حد ذاتہ حرام ہے ؎ پس غذاے عاشقان آمد سماع + کہ درو باشد خیال اجتماع + اکثر کتب فقہا جو ہم دیکھتے ہین اونمین
ایسی عبارتین ہین جسمین قید ایسی چیزونکی حرمت سماع مین لگی ہوئی ہے جو خود حرام ہین تو اوسکی آمیزش سے سماع کی
حرام ہونیکا حکم دیا گیا ہے مثلاً عبارت شرح بزدوی مین لکھتے ہین کہ ۲ الملاھی والالات اللھو اس عبارت نے صاف افادہ
اسبات کا کیا کہ سماع وہی حرام ہے جسمین لہو بھی شامل ہو اور اوس کے متعلق حکم حرمت کا نہین ہے جو لہو سے خالی ہو
جسمین سماع مزامیر کیساتھہ ہو وہ حرام ہے - اور مقصد السالکین مین لکھا ہے کہ جو روایات فتاوی امام اعظمؒ سے اور اکابر
علما سے منقول ہین جنسے حرمت سماع کی ثابت ہوتی ہے محمول ہین اسبات پر کہ مراد اونسے آلات لہو محرمہ ہین کہ وہ حرام ہین
اور جواز سماع مین فواید الفواد مین ہے کہ حضرت سلطان المشایخ نظام الدین اولیا چشتی رحمۃ اللہ علیہ فرمودند کہ چند چیز
موجود شود وآن چیست مسمع است ومسموع ومستمع وآلہ سماع است و فرمودند مسمع گوینده است میباید کہ مرد تمام باشد
و کودک و عورت نباشد - اما مسموع آنچہ میگوید باید کہ ہزل وفحش نباشد - اما مستمع آنکہ می شنود باید کہ بحق شنود ومملو باشد
از یاد حق - اما آلہ سماع - وآن مزامیر است چون چنگ ورباب ومثل آن باید کہ درمیان نباشد اینچنین حلال باشد - افسوس کہ
خلاف سلطان المشایخ رحمۃ اللہ علیہ کے مولوی حافظ محمد قیام الدین عبدالباری حنفی قادری انصاری فرنگی محلی لکھنوی
نے آہنگ مخالف زمزمہ برای احقاق السماع مین جو کہ سنا اوسکا خلاف شرع ہے کرتے ہین نعوذ باللہ منہا کیونکہ عند الفقہاء
یہہ قاعدہ کلیہ ہے کہ جو حرام کو بلا تاویل حلال جانے وہ کافر ہے ؎ چہ نسبت است برندی صلاح وتقوی را + سماع وعظ کجا نغمۂ
رباب کجا + جوانا سرتاب از پند پیران + کہ راے پیر از بخت جوان بہ + **قولہ صفحہ ۳ سطر ۵** مین آپ فرماتے ہین بعد
اسکے ارادہ فقیر کا ہے کہ ایک اور دوسرا رسالہ اردو مین نہایت تحقیق وتدقیق سے حضرات صوفیہ کثرہم اللہ کے سماع کی
متعلق اور اوسکے فیوض وبرکات سماع اور اوسکے شروط وآداب لکھے **اقول باللہ التوفیق ومنہ التحقیق** جو رسالہ
احقاق السماع آپنے تحریر کیا فقیر نے اوسکو تمام تر دیکھا آپنے مزامیر کا سننا ہر ہر اقوال سے ثابت کیا سوائے آپ بزرگ دانش
کے اور علماء فرنگی محل مزامیر کے سننے کو ہرگز جایز نہین جانتے آپنے خوب حدیثین جواز مزامیر کے ثبوت استدلال مین جو
منسوخ شدہ ہین جمع کیا آپکی بڑی تعریف ہے اور صوفیان اس اخیر زمانہ شر القرون کے اپنے ذوق شوق کیوجہ سے بہت
خوش ہوئے ہونگے اور ایک سند بھی باجے کے سننے کی اونلوگونکو ملی اسکا ثواب سننے باجے وراگ کا آپ ہی کے حصہ مین
ہے شیطان اس امر سے بہت خوش ہوا ہوگا اور صوفیان کو کسی امر سے واسطہ نہین اپنے شوق ذوق سے واسطہ ہے
دوسرا رسالہ اردو مین آپکا تحریر کرنیکا ارادہ ہے ضرور نہایت تحقیق وتدقیق سے ہر ہر دو رنگ کا ہونگی کیفیت جداگانہ
بخوبی تحریر فرماکر ثبوت سننے مزامیر جو آپکے ثبوت سے باقی رہ گیا ہے بخوبی ثابت کر دیجئیگا جیسا کہ وہ حضرات صوفیان
مجاوران سنا کرتے ہین اور وہ مغنین باجا ناجایز جانکر سمجھکر سنتے ہین تقلید اونکی کرین اس مسئلہ مین تقلید حضرت
امام جہان صوفی ابوحنیفہ کوفی رضی اللہ عنہ کی آپلوگون نے چھوڑا ہے ضرور ثواب ملیگا - بہت حیرت ہے کہ یہہ جاہل صوفی
نہین جانتے کہ عند الفقہاء یہہ قاعدہ کلیہ ہے کہ جو حرام کو بلا تاویل حلال جانے وہ کافر ہے اے حضرت مصنف رسالہ

احقاق السماع دعاگو کے نزدیک آپکو چاہیے کہ جواب رسالہ ثالث اور احقاق السماع المسمی بدرۃ التعزیر لسامعین السماع
بالمزامیر فقیر اولاً ملاحظہ فرمایئے تب وس رسالہ مذکور کو بفتح چھپایئے بالفعل وس رسالہ کو بالکسر چھپاتے ہیئے ظاہر نہ کیجیے
سے تو کار زمین را نکو ساختی + کہ بر آسمان نیز پرداختی + **قولہ فصل رابع** اسکی تحقیق مین آیا حنفی کو اس مسئلہ سماع مین
یا کسی دوسرے مسئلہ مین جبکہ متحقق ہو جائے احادیث صحیحہ سے کوئی حکم تو اوسکا خلاف موافق اوس فعل کے جو منسوب ہے امام اعظم
کیطرف کرنا چاہیے یا نہین۔ **اقول باللہ التوفیق ومنہ التحقیق** جو مقلد حنفی ہے اوسکو حنفی کی تقلید کرنا چاہیے
ہر مسئلہ مین حدیث صحیحہ سماع مزامیر خواہ دیگر چنانچہ فرمایا امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ نے احیاء العلوم مین مقلد پر اتباع کرنا اپنے مجتہد
کے ہر مسئلہ مین ضروری ہے پس تحقیق مخالفت مجتہد کی کرنا اتفاق کیا گیا ہے اوسکے بد ہونے پر نزدیک علما کے اور وہ شخص گنہگار
ہے بسبب مخالفت اپنے مجتہد کے اور جامع الرموز مین ہے جہان تو تحقیق جس شخص نے گردانا حق کو متعدد مثل معتزلہ کے
ثابت کیا واسطے اعامی کے اختیار کو ہر مذہب سے اوس مسئلہ کو کہ چاہے اوسکو اور جس شخص نے گردانا حق ایک کو مثل علما اہل سنت
وجماعت کے لازم گردانا واسطے اعامی کے ایک امام کو جیسا کہ کشف مین ہے پس اگر اختیار کیا ہر مذہب سے مباح اوسی مذہب کو
ہو گیا فاسق کامل جیسا کہ شرح طحاوی مین قیہ سعید بن مسعود کے ہے۔ اور **ملا علی قاری** نے اپنے رسالہ مین لکھا
ہے واجب ہے اوپر اوسی شخص کے یقیناً یہہ کہ معین کرے ایک مذہب کو مذاہب سے یا مذہب شافعی کو تمام مسایل فروع مین۔ اور
یا مذہب مالک کو یا غیر اوسکے کو اور نہین جایز ہے واسطے اوسی شخص کے یہہ کہ اختیار کرے بعض اوس چیز کو جو خواہش
کرتا ہے اوسکی اور دوسرے مذہب سے بعض اوس چیز کو جو خواہش کرتا ہے اوسکی اور دوسرے مذہب سے بعض اوس چیز کو جو
چاہتا ہے اوسکو۔ اور حضرت امام اعظم ابو حنیفہؒ نے جو فرمایا ہے (اترکو قولی بخبر الرسول) صلی اللہ علیہ وسلم تو اوسکے
معنی یہہ ہین کہ جب تم کوئی حدیث کو اپنی تحقیق سے پاؤ تو ہمارے قول کو جو ہمنے اپنے اجتہاد سے کیا ہے اوسکو چہوڑ دو
پہر جو قول اونکا کسی آیت یا حدیث یا اجماع کے موافق ہو تو وہ حقیقت مین اونکا قول نہین ہے بلکہ خدا اور رسول کا
ہے اوسکو چہوڑنیکے کچہہ معنی نہین پس جو حکم اجتہادی امام کا ہے اوسکی نسبت امام نے یہہ فرمایا ہے لیکن یہہ کلام
امام کا حکم عام ہر خاص و عام کے حق مین نہین ہے کیونکہ اگر عام ہو تو یون فرماتے **یُتْرَكُ قَوْلِي لِكُلِّ مَنْ سَمِعَ**
خَبَرَ الرَّسُوْل یعنی جو کوئی حدیث سنے تو چہوڑ دے ہمارے قول کو بلکہ یہہ حکم امام کا خطاب خاص ہے اپنے شاگردون
کے لئے کہ جنکا مرتبہ حدیث کی تحقیق کا تہا اور اونکو لیاقت اور قدرت حدیث پر عمل کرنیکی تہی جیسے امام ابو یوسف
اور امام محمد بن الحسن و امام زفر وغیرہ۔ اور بعضے علما نے مولانا شاہ عبد العزیز قدس سرہ کی روایت سے
یون لکہا ہے کہ چار مجتہدین نے جو فرمایا ہے کہ جو کوئی ہمارے قول کو برخلاف حدیث صحیح کے پاوے تو چاہیے کہ وہ
حدیث پر عمل کرے کہ فی الحقیقت ہمارا مذہب یہی ہے تو یہہ کہنا اونکا اونکے زمانے سے علاقہ رکہتا ہے کیونکہ
اونکے بعد اجتہاد جاتا رہا تقلید لازم ہوئی۔ اس لئے بعد اونکے جتنے علما گذرے باوجودیکہ اونکو مسایل کے
نکالنے کی قوت اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ کا علم اور فقیہون کے اختلاف کی شناسائی حاصل تہی پہر بہی وہ
اجتہاد کی راہ نہ چلے اسواسطے کہ جیسی سمجہہ کی مضبوطی اور غور کی قوت اور دلکی ستہرائی اور قلب کی روشنی اور طبعی
اور نیت کی درستی اور خواہش نفسانی سے دوری اور پرہیزگاری اور سلیقہ عربی زبان کی بوجہہ کا قدیم لغتون کے

موافق اون مجتہدون مین تہے اپنی ذات مین اونہون نے بنائی اور ویسی تحقیقات اور تلاش اور قوت مسایل کے نکالنے کی اونہین حاصل نہوئی اور اللہ تعالی اونپر رحمت کرے کہ اچہے طریقے اور مضبوط راہ پر چلے کہ جن مین بہت باتین نیک پائی جاتی ہین اونہین سے ایک یہہ ہے کہ لوگونکی سرشت مین یہہ بات ہے کہ ہر شخص اپنی سمجہہ پر نازان ہوتا ہے اور دوسرے کے کمال کو اگرچہ مجملاً اونپر اعتقاد رکہتا ہو پہر بہی بسبب اسکے کہ اوسکے دلمین ایک بات ٹہر رہی ہے اچہی بات کو بہی انکے قبول نہین کرتا پہر اپنے برابر کے لوگون کے قول کا تو کیا ٹہکانا پس اس صورتمین اگر کوئی شخص اجتہاد کی شرطین حاصل کرکے خلاف اگلون کے احکام جاری کرتا تو ہر کوئی کیا ناقص اور کیا متوسط اپنی استعداد کے موافق ایک ہی راہ پر چلنے لگتا اسمین یہانتک خلاف واقع ہوتا کہ جمعیت شریعت کے احکام کی عبادات اور معاملات کے مقدمہ مین باقی نرہتے اور لوٹ جاتے اور امر معروف اور نہی منکر کا دروازہ بند ہوجاتا چنانچہ جب تک یہہ چار لوگ مضبوط نہین ہوئے تہے اور اونکی پیروی اختیار نہین کی تہی بہتر اور کئی فرقے ہوگئے تہے اور اونکے تابعدار باقی رہ گئے مگر بعد اسکے جب علماؤن نے ان چار مذہبون کو خوب ضبط کیا اور اونکے موافق احکام کو ہر طرف جاری فرمایا اور ایک نیا مذہب بنانیکو باطل اور حرام ٹہرایا تب ان چار کے سوا دوسرا اپنا مذہب کسی نے نہ نکالا اور شاید کسی نے نکالا ہو تو بہ سبب اجماع علماء دیندار کے اور مدد سے بادشاہ دین پناہ کی جاری اور رواج ہونے نپایا خلاصہ انکی عبارت کا تمام ہوا۔ حضرت امام ابوحنیفہ۔ اور امام مالک اور امام شافعی۔ اور امام احمد حنبل۔ ہر ایک انمین سے ایسے عالم تہے کہ جنسے دین کی باتین سوال کرنے اور اونکی پیروی کرنی واجب ہے اوس شخص کے حق مین کہ اجتہاد کے مرتبہ کو نہین پہونچا ہے پہر جب کوئی مقلدین پیروی کرے انہین سے ایک کی اپنی طہارت مین۔ یا نماز مین یا اور کسی امر شرعی مین تو ادا کیا اوس نے جو واجب تہا اوسپر اور نہین پہونچتا ہے کسیکو مقلد ہو یا مجتہد انکار کرنا ویسے شخص پر۔ اور علامہ عبدالکریم نے ملل ونحل مین فرمایا خبردار ہو تحقیق علماء فریقین نے نہین جایز رکہا اوس علما نے یہہ کہ اختیار کرے عامی حنفی مگر مذہب ابوحنیفہ اور عامی شافعی ہو بعض مین اور ترصیع مین ہے نہین خبر کہ یہہ کہ حنفی ہو بعض مسایل اور شافعی ہو بعض مین۔ تفسیر احمدی مین ہے جس مذہب کو اختیار کیا جائے کہ مداومت کرے اوسپر اور نہ پہرجائے طرف دوسرے مذہب کے شرح عین العلم مین ہے جسنے لازم پکڑا ایک مذہب کو مثل امام ابوحنیفہ یا شافعی کے تو واجب ہے کہ ہمیشہ اوسی مذہب پر رہے اور سوا اوسکے کبہی مسئلہ غیر کی تقلید نکرے پس جب اقوال جمیع اہل ذکر یعنی علماے امت کی تقلید شخصی واجب ہوئے پس تقلید شخصی حنفی امام اعظم ابوحنیفہ کوفی رضی اللہ عنہ کی اس مسئلہ سماع مزامیر مین کرنا چاہئے اور خلاف یاران حضرت موصوف کے بہی نہین کرنا چاہئے۔ کتب اصول فقہ مین وجوب تقلید شخصی پر دلایل قایم ہوچکے ہین اور مقلدین کے نزدیک یہہ مسئلہ مسلمات اور اجلی بدیہات سے ہے اسلئے بلا اضطرار شدید دوسرے مذہب کا اختیار کرنا صریح شعبہ غیر مقلدی کا ہے بخصوص حظ نفس کے لئے ایسی حیلے ہونا سخت ضعف دین کی دلیل ہے۔ **قولہ فصل خامس** اس تحقیق مین کہ سماع جبکہ حلال ہے تو اوسکے لئے کوئی قید بہی ہے یا بلا قید حلال ہے علامہ عبدالغنی نابلسی حنفی اپنی کتاب مین لکہتے ہین کہ سماع محققین کے نزدیک لفظ عام ہے شامل ہے سماع غنا کو خواہ زہد کے مضامین ہون یا غزلین معین ہون یا غیر معین۔ نغمہ کے ساتہہ ہو یا غیر نغمہ کے۔ ساز کیساتہہ ہو یا بے ساز کے۔ یا محض ہا جا سنا جائے۔

روزے بعضے از مریدان حضرت شیخ نظام الدین اولیا مجلسے داشتند و از دف زنان سرودے میشنید تا شیخ نصیر الدین محمود
چراغ دہلوی در مجلس بود برخواست تا بر آید - یاران تکلیف نشستن کردند گفت خلاف سنت است گفتند از سماع منکر
شدے و از مشرب پیر برگشتے گفت حجت نمیشود دلیل از کتاب و حدیث میباید بعضے از غرض گویان این سخن بخدمت
شیخ رسانیدند شیخ نصیر الدین محمود چنین میگوید شیخ را صدق معاملہ او معلوم بود فرمود راست میگوید حق آنست کہ او
میگوید - از بزرگے پرسیدند سماع چیست فرمود تا مستمع کیست سماع صوفیست موزون چرا حرام باشد - وبزرگے سعدی
فرمودہ ؎ سماع اے برادر بگویم کہ چیست + ولے مستمع را بدانم کہ کیست + وسماع مزامیر حرام است - اے مؤلف
احقاق السماع انصاری حنفی قادری لکھنوی حضرت خواجہ نصیر الدین چراغ دہلوی فرمود مزامیر باجماع مباح
نیست اگر یکے از طریقت بیفتد بارے در شریعت باشد - اگر از شریعت ہم بیفتد کجا رود و اول در سماع اختلاف است
نزدیک علما با چندے شرایط مباح اہل آنرا - اما مزامیر باجماع حرام است شرع نے تو صرف دف نکاح کیوقت بجانیکو
جایز کیا ہے عبارت احقاق السماع جو الحاقی ہے نامعقول لکھا ہے اعلان نکاح از ہر یک میشود فرق کردن در دف
وغیر آن امریست غیر معقول ف بجانا دف کا نہین جایز ہے مگر ساتھہ نذر کے اور مانند اوسکے اوس جگہہ کہ
وارد ہوا ہے اذن شرع کا مانند بجانے اوسکے کے اعلان نکاح مین پس یہہ جو رواج دیا ہے بعضے مشایخ یمن نے کہ
بجاتے ہین دف حالت ذکر مین پس یہہ بدترین برائیونکے ہے واللہ ولی دینہ وناصر نبیہ انتہی
کہتا ہے محمد قطب الدین خان مترجم مشکوۃ المصابیح کہ یہہ بعضے صاحبون نے اس سے جواز عورت کے راگ سُننے کا ثابت
کیا ہے جبکہ امن ہو فتنہ سے - اور بعضون نے اعراس اعیاد مین جایز اور مختار کیا ہے تو یہہ خلاف ہے ظاہر روایت مذہب
حنفی کی حسب ظاہر روایت کی مطلق راگ حرام ہے جیسے درمختار اور بحر الرائق وغیرہما مین ہے بلکہ ہدایہ مین کبیرہ لکھا ہے
اگرچہ اپنے دلکی خوشی کیلئے ہو اور حدیثین جواز کی اونکے نزدیک منسوخ ہین ؎ محال است سعدی کہ راہ صفا +
توان رفت جز در پے مصطفےٰ + خلاف پیمبر کسے رہ گزید + کہ ہرگز بمنزل نخواہد رسید + اور حضرت ستودہ صفات
ابو الحسنات استاد ابو المحاسن الہ آبادی مولوی عبد الحی لکھنوی رحمۃ اللہ علیہ مزامیر نہین سُنتے تھے بلکہ جواب استفتائے
مزامیر کا یون فرمایا **ہو المصوب** احادیث صحیحہ سے حرمت جملہ آلات غنا و مزامیر کے صاف صاف ثابت ہے مگر دف کہ
اوسکی اباحت مین مجالس نکاح وغیرہ مین حدیثین وارد ہوئی ہین صحیح بخاری مین بطور تعلیق کے مذکور ہے قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیکونن من امتی قوم یستحلون الحریر والخمر والمعازف وسنن
ابن ماجہ مین مروی ہے قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لیشربن الناس من امتی الخمر یسمونہا
بغیر اسمہا یعزف علی رؤسہم بالمعازف والغنیات یخسف اللہ بہم الارض ویجعل
منہم القردۃ والخنازیر اور جامع ترمذی مین مروی ہے تکون فی امتی خسف ومسخ اذا
ظہرت القنیات والمعازف اور مسند احمد مین مروی ہے ان اللہ حرم الخمر والمیسر والکونہ
اور مسند ابی الدنیا مین مروی ہے کہ فرمایا رسول صلعم نے کہ ایک قوم اس امت مین آخر زمانہ مین بندر اور خنزیر
بنجایگی - صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا وہ لوگ لا الہ الا اللہ کے قایل نہونگے آپنے فرمایا کیون نہونگے بلکہ

صوم وصلوٰۃ وحج سب کچھہ کرتے ہونگے کسی نے عرض کیا کہ پہر اس سزا کی کیا وجہ آپنے فرمایا کہ اونہون نے معازف اور گانیوالیون کا
مشغلہ اختیار کیا ہوگا اور مسند احمد مین مروی ہے ان اللہ بعثنی رحمۃ للعالمین وامرنی ان امحق المزامیر
والکنارات اور ابن ابی الدنیا نے روایت کی ہے لیستحلن من حریر والخمر والمعازف اور سنن ابوداؤد
وغیرہ مین مروی ہے عن نافع قال سمع ابن عمر رضی اللہ عنہ مزمارا فوضع اصبعیہ فی اذنیہ
ونای عن طریق قال کنت مع النبی صلی اللہ علیہ وسلم فسمع مثل ہذا فصنع
مثل ہذا اور جامع ترمذی مین مروی ہے اعلنوا ہذا النکاح واضربوا علیہ بالغربال ان
اخبار و آثار سے اور ایسے ہی اور اخبار کہ ماہر حدیث پر مخفی نہین صاف ثابت ہے جملہ غنا کہ مسمی بمعازف و مزامیر ہین شرعًا حرام
ہین سوائے دف کے اور حنفیہ کو دیکھیے تو بہت حنفیہ دف کو بہی منع کہتے ہین اور حنفیہ مطلق غنا کو حرام کہتے ہین تاتار
خانیہ مین ہے ان کان لسماع غنا فہو حرام لا یغنی واستماع الغنا حرام انتہی اور مبسوط مین ہے
استماع الملاہی والتغنی کلہا حرام انتہی اور محیط مین ہے التغنی والتصفیق بہا واستماعہا
کلہا حرام انتہے اور ہدایہ مین ہے دلت المسئلۃ علی ان الملاہی کلہا حرام حتی التغنی
بضرب القضیب انتہی اور نہایہ مین ہے التغنی والتصفیق والطنبور والبربط والدف
وما اشبہ ذالک حرام انتہی فتاوی و فروع معتبرہ حنفیہ مین مصرح ہے کہ سوائے دف کے جملہ مزامیر حرام ہین
البتہ بعضے حنفیہ نے نقارہ جنگ کے اباحت کی تصریح کی ہے اور دف بغرض اعلان نکاح کو مباح لکھتے ہین **مالا بد منہ**
کی عبارت کا صحیح مطلب یہہ ہے کہ سب چیزین (حرام ہین) صرف دف بغرض اعلان نکاح اور نقارہ جنگ کی وقت حلال ہے
نہ یہہ کہ نکاح کیوقت نقارہ بہی حلال ہے اور اگر بالفرض (مالا بد منہ) کی عبارت سے احتمال بہی ہو تو یہہ کلام مخالفت
حنفیہ کے کلام کے مقبول نہوگا کتب معتبرہ مین کہین نقارہ کی بوقت نکاح اجازت نہین ہے بلکہ ممانعت مصرح ہے
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔
مضمون جواب استفتا مولانا ابو الحسنات محمد عبد الحی لکھنوی نے حرمت مزامیر مین تحریر فرمایا، ویسے ہی
بجواب خط فقیر رسالہ نصیحت دلپذیر مین صداقت دستگاہ جناب مولانا قاضی محمد لطیف اللہ صاحب مفتی حیدرآباد دکن
رقم فرماتے ہین۔ جناب من نفس سماع مین تو تفصیل و کلام ہے مگر مزامیر بالاتفاق حرام ہے، رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے فرمایا ہے ان اللہ بعثنی رحمۃ للعالمین وامرنی ان امحق المزامیر والسلام خیر ختام
محمد لطف اللہ۔ از حیدرآباد دکن ۲۹ شعبان سنہ ۱۳۱۴ھ ۔ اور کتاب **کلمات الطیبات** صفحہ ۲۵ سطر ۱۵
حضرت مرزا جانجانان شہید نقشبندی پیر مرشد جناب قاضی ثناء اللہ پانی پتی رحمۃ اللہ علیہم مکتوب وازدہم چنین
فرمودہ اند۔ مخدوما در مسئلہ سماع درمیان آئمہ فقہا و حضرات صوفیہ رحمۃ اللہ علیہم اجمعین اختلاف قویست
فرقہ اولی میگویند کہ سماع مطلقا حرام است بنا بر سد باب فتنہ۔ و فرقہ ثانیہ میفرماید کہ باطلاق حلال است اما اقتضائے
غلبۂ شوق۔ و اصل و انصاف آنست کہ سماع بر دو قسمست یکے آنکہ شخصی کہ محل فتنہ نباشد کلامی موزون یا نغمۂ موزون
بے مداخلت محذور شرعی انشاد نماید و فساد ازان در باطن مستمعین نزاید بلکہ سرورے باجزائے در قلب پدید آید

این قسم سماع البته مباح است که مرکب از دو امر مباح که کلام موزون و نشید موزون باشد و چرا غیر مباح گردد و نیز
در قرن اول در تقریبات مشروعه مثل نکاح و قدوم اکابر معمول بوده و اتقیاء علماء امت احیاناً ارتکاب آن نموده اند
چنانچه از کتب احادیث ظاهر میشود اما این عمل از آن بزرگان بر سبیل اتفاق واقع میشد نه بطریق التزام قسم دوم آنست
که غالیان متاخرین رواج داده اند و آنرا بجد گرفته و امور غیر مشروعه را در آن خلط نموده اند این قسم بقدر مداخلت
امور غیر مباح از کراهت بحرمت خواهد رسید و اعتقاد اباحت محرمات متفق علیهما بکفر خواهد رسید چرا که رب العزت در قرآن
حکم داده خلطوا عملا صالحا و آخر سیئا و اینکه جماعتی از ارباب کمال رغبت بسماع مباح نیز ندارند از
خصوصیات ذوقیست نه از احکام شرعی مثلاً شارب خمر میل بنقل شیرین نمیکند - و آنکه معتاد با فیون است رغبت بنقل
نمکین نمی نماید یا آنکه یکی نقل دیگر بر احرام نمیداند همچنین حضرات سلسله چشتیه که نشاء نسبت ایشان به نشئه خمر مشابه است
از شور نغمات متلذذ میشوند نه بسکوت - و حضرات طریقه نقشبندیه که نشئه نسبت شان بر بودگی افیون مناسب است از سکوت
حظ بر میدارند نه از شور و هنگامه پس منشا این خلاف ذوق و طبیعت است نه دین و شرع و اکابر جمیع طرق حقه تابع دین
و ملت اند - نه مطیع هوا و طبیعت و همه در اجتناب از غیر مباح متفق - و جهلائے هر دو طرف از اعتبار ساقط اند و افراط
